12/07/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

روزگار میلہ

وزیر اعظم نریندر مودی 16 ویں ملک گیر روزگار میلے کے تحت آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 51 ہزار نوجوانوں کو نوکریوں کے تقرر نامے فراہم کریں گے۔ روزگار میلہ ملک کے47 مختلف مقامات پرمنعقد کیا جا رہا ہے۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے راج بھون سرینگر میں حب الوطنی پر تحریر کیا گیا ایک گیت کا ایلبم جاری کیا۔ ”جے کشمیر “ نامی یہ گیت ایک نوجوان ڈاکٹر محمد شعیب ظہور نے لکھا اور Compose کیا ہے ۔

-------SONG-------

ایل جی نے ڈاکٹر شعیب ظہور اور ان کی ٹیم کو جموں و کشمیر میں اتحاد ، ترقی ، اور تبدیلی کے جذبے کے لئے گانا وقف کرنے پر مبارکباد پیش کی ۔

ملاقات

پیپلز ڈیموکریٹک فرنٹ کے صدر حکیم محمد یاسین نے پارٹی کے دیگر عہدیداروں کے ہمراہ راج بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ وفد نے نوجوانوں کو بااختیار بنانے ، سیاحتی شعبے بالخصوص ضلع بڈگام میں سیاحتی مقامات کو دوبارہ کھولنے سے متعلق مختلف معاملات ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔دریں اثناءوادی سے تعلق رکھنے والے غیر مہاجر اقلیتی نوجوانوں کے وفد نے بھی لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کرکے غیر مہاجر اقلیتی آبادی کے مختلف فلاحی امور سے ایل جی کو آگاہ کیا۔

حادثہ

علاقے میں کل شام ایک دلدوز سڑک حادثے میں چار افراد Dabdrora رام بن ضلع کے سنابتھی از جان اور دو دیگر زخمی ہو گئے ہیں ۔ تفصیلات کے مطابق یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب سنابتھی سے اُکھرال جا رہی ایک ٹا ٹا سومو ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر ایک گہری کھائی اننت ناگ میں داخل کیا گیا ہے ۔ GMC میں جا گری ۔ زخمی مسافروں کو

حادثہ تعزیت

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ،لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس حادثے میں انسانی جانوں کے ضیاں پر دکھ اور افسوس کا اظہارکرتے ہوئے غمزدہ کنبوں سے تعزیت ظاہر کی ہے ۔ اپنے الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں انہوں نے زخمیوں کی صحتیابی کی دعا کی ہے اور ضلع انتظامیہ کو تمام ضروری مد د فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

سڑک حادثات

جمونو کشمیر میں وقتاً فوقتاً سڑک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کا ا تلاف ایک تشویشناک معاملہ بنتا جا رہا ہے۔ RTO کشمیر قاضی عرفان نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے نا بالغ بچوں کو گاڑیاں یا سکوٹر نہ چلانے دیں تاکہ سڑک حادثات پر قابو پایا جا سکے ۔

...Qazi Irfan...

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جا ری ہے اور کل شام تک ایک لاکھ 65 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔ دریں اثناءآج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 6ہزار 639 یاتریوں پر مشتمل 11 واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔

ریئحانہ حبیب

زرعی ماہرین نے گرم موسمی صورتحال کے پیش نظر دیگر فصلوں کے ساتھ ساتھ سیب کے باغات میں نمی برقرار رکھنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔آکاشوانی نیوز سرینگرکے ساتھ بات

کرتے ہوئے شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں سینئر سائنسدان اور ڈائریکٹر ایکسٹینشن پروفیسر ریئحانہ حبیب کنٹھ نے کسانوں کوصبح اور شام کے اوقات میں فصلوں اور باغات کو معقول آبپاشی فراہم کرنے کی صلاح دی۔

....(Raihana Habib)....

اطلاع

کشمیر یونیورسٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف Admissions and Competitive Examinations نے مختلف پروگراموں کے لئے آن لائن داخلوں اور فیس جمع کرنے کی آخری تاریخ میں آج سہ پہر تین بجے تک توسیع کی ہے ۔

ہوا

وادی کے بیشتر علاقوں میں کل شام موسم کی اچانک تبدیلی کے بعد تیز ہوائیں چلیں اور کئی علاقوں میں بارشیں ہوئیں ، جس کے نتیجے میں کئی پیڑ اکھڑ گئے اور کئی مقامات پر جائیداد کو بھی نقصان پہنچا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 16 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 25 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ